PUNJAB
Education Foundation

مراسلہ نمبر: PEF/FAS/CIR/08-2024/771

تاریخ: 27 اگست 2024

محترم سکول مالک (FAS,EVS, NSP)

عنوان: پارٹنر اسکولوں میں حفاظتی اقدامات

السلام علیکم!

تمام پیف سکول مالکان کو مطلع کیا جاتا ہے کہ سکول میں موجود تمام طلباء کی حفاظت کی ذمہ داری سکول انتظامیہ پر عائد ہوتی ہے۔ لہٰذا اسکول انتظامیہ طلباء کی حفاظت کے لیے درج ذیل احتیاطی تدابیر کو یقینی بنائے:

i. طلباء کو ٹریفک اور روڈ سیفٹی سے آگاہی کے متعلق ٹریننگ دیں۔ خصوصی طور پر بچوں کو روڈ کراس کرنے کی تربیت دی جائے۔

ii. طلباء کو حادثات کی ممکنہ وجوہات سے آگاہ کریں۔

iii. ٹریفک کی وجہ سے فضائی آلودگی اور اس سے حفاظتی اقدامات کے بارے میں آگاہی فراہم کریں۔

iv. اسکول وین سے اترنے اور چڑھنے کے وقت بچوں کی نگرانی اور ان کا خیال رکھیں۔

v. جو سکول مین روڈ پر واقع ہیں وہ سکول شروع ہونے اور چھٹی کے اوقات کار میں اپنے عملہ کو پابند کریں کہ وہ طلباء کو بحفاظت مین روڈ کراس کرانے میں مدد فراہم کریں۔

vi. طلباء کی سکول آمد سے پہلے اور سکول سے تمام طلباء کے جانے کے بعد تک اساتذہ سکول میں موجود رہیں تاکہ بچوں کی بحفاظت آمد اور روانگی کو یقینی بنایا جاسکے۔

vii. سکولوں میں فرسٹ ایڈ باکس (First Aid Box) کی موجودگی کو یقینی بنائیں۔ فرسٹ ایڈ ادویات کی Expiry کو ماہانہ بنیاد پر چیک کریں۔

viii. اساتذہ کو فرسٹ ایڈ کی تربیت اور طلباء میں اس کی آگاہی کو ترجیحی بنیاد پر عمل میں لائیں۔

خیر اندیش

ڈپٹی مینجنگ ڈائریکٹر (آپریشنز)